# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 11 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھتر پتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مہاراشٹر خصوصی عوامی تحفظ بل ریاستی اسمبلی میں منظور۔ملکی نظام مخالف سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قوانین کی ضرورت کا وزیرِ اعلیٰ نے کیا اظہار۔

☆ کسانوں کے قرض معافی کے مطالعہ کیلئے ریاستی حکومت نے کی خصوصی کمیٹی تشکیل۔

☆ گنیش اُتسو کو ریاستی تہوار قرار دینے کا ثقافتی اُمور کے وزیر آشیش شیلار کا عندیہ۔

☆ مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے مختلف ادبی ایوارڈز کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ لارڈز ٹیسٹ کے پہلے دن انگلینڈ نے بنائے چار وکٹوں پر 251 رن۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مہاراشٹر خصوصی عوامی تحفظ بل یعنی اسپیشل پبلک سیکورٹی بل کو کل اسمبلی نے منظور کرلیا۔وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یہ بل ایوان میں پیش کیا۔ ملکی نظام مخالف سرگرمیاں کرنے والوں کے خلاف سخت قوانین کی ضرورت کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ایوان کو بتایا کہ اس سے قبل کچھ معاملات میں یو اے پی اے کے تحت مقدمات درج کیے گئے تھے، تاہم عدالتِ عظمیٰ نے سرگرم انتہا پسندی کے معاملات میں ہی یو اے پی اے لگانے کا حکم دیا تھا، جس کے بعد مرکزی حکومت نے سبھی ریاستوں کو اس حوالے سے نیا قانون وضع کرنے کی ہدایت دی تھی۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نئے قانون کے تحت کسی کو راست گرفتار نہیں کیا جا سکتا، تاہم عدلیہ کے ماتحت قائم کردہ مجاز ادارے کی اجازت سے کالعدم تنظیموں کے سرگرم کارکنوں کو ہی گرفتار کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نیا قانون پہلے کی نسبت متوازن ہے اور دیگر چار ریاستوں کے قوانین کے مقابلے مستحکم بھی ہے۔

سدھیر منگنٹیوار، نتن راؤت، جینت پاٹل، ورون سردیسائی، بھاسکر جادھو، اور کمیونسٹ پارٹی کے ونود نکولے سمیت کئی ارکان نے اس بل پر بحث میں حصہ لیکر اپنا موقف پیش کیا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یقین دہانی کروائی ہے کہ ڈیجیٹل اریسٹ جیسے معاملات کی روک تھام کیلئے بیداری پیدا کرنے کے سلسلے میں مزید اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے اس حوالے سے توجہ دلاؤ تحریک کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ مرکزی وزیر داخلہ نے اس خصوص میں موجودہ قانون میں ترمیم کی درخواست کی ہے۔

دریں اثنا، ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس میں کل دیگر مختلف اُمور بھی زیرِ بحث آئے اور مختلف فیصلے لیے گئے۔

اس دوران، ریاستی حکومت نے کسانوں کے قرض معافی کے معاملات کا مطالعہ کرنے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا۔ امدادِ باہمی کے وزیر بابا صاحب پاٹل نے کل ایوان میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے وزیرِ اعلیٰ کی جانب سے اس سلسلے میں ایوان کو تفصیلی جانکاری دیئے جانے کی وضاحت بھی کی۔

جبکہ وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے پرانی فصل بیمہ اسکیم کو ریاست میں نافذ کرنے کا اعلان کیا، اس سلسلے میں راجیش وٹیکر نے توجہ دلاؤ تحریک پیش کی تھی۔ کوکاٹے نے وضاحت کی کہ یہ فیصلہ اس لیے لیا گیا ہے کہ بیمہ کمپنیوں نے ایک روپے کی بیمہ اسکیم میں تقریباً ساڑھے سات ہزار کروڑ روپے کا منافع کمایا ہے، اور کسانوں کو اس اسکیم کے متوقع فوائد نہیں مل پائے۔

اسی طرح زراعت کے وزیرِ مملکت آشیش جیسوال نے بتایا کہ کھیت مزدوروں کیلئے ایک سماجی تحفظ اسکیم بنائی جارہی ہے، اور اس اسکیم کا مسودہ جلد ہی کابینی اجلاس میں رکھا جائے گا۔ ریاست میں ایک کروڑ 75 لاکھ زرعی مزدور اس اسکیم سے مستفید ہوں گے۔ جیسوال نے مزید بتایا کہ زرعی شعبے میں اے آئی ٹکنالوجی یعنی مصنوعی ذہانت کا استعمال کیا جارہا ہے۔

آشیش جیسوال نے ایوان کو جالنہ ضلعے میں 2022 تا 2024 کے درمیان سماوی آفات سے متاثرہ کسانوں کے امدادی فنڈز میں بدعنوانی کے الزامات کی مقررہ میعاد میں تحقیقات مکمل کرنے کی یقین دہانی بھی کروائی۔

ساتھ ہی وزیر زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے اسمبلی میں بتایا کہ پربھنی ضلعے میں فصل بیمہ کے بقایہ 18 کروڑ روپے رقم آئندہ پندرہ دنوں میں کسانوں کے کھاتوں میں جمع کرنے کا اعلان کیا۔

جبکہ زرعی اراضیات، آبی پشتوں کھیت کے راستوں اور بندھاروں سے متعلق تنازعات کا مستقل حل تلاش کرنے کیلئے ریاست گیر سطح پر زرعی اراضیات کی گنتی کی مہم شروع کرنے کی اطلاع وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے نے کل قانون ساز کونسل میں دی۔

***** ***** *****

ریاست کے کنٹونمنٹ بورڈز، یعنی کٹک بورڈز کو متعلقہ میونسپل کارپوریشنوں اور مقامی خودمختار اداروں میں شامل کیا جارہا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بتایا ہے کہ اس فیصلے سے ان بورڈز کی حدود میں شہری سہولیات اور دیگر ترقیاتی کاموں میں آسانی ہوگی۔ وہ گزشتہ روز اس حوالے سے منعقدہ جائزاتی اجلاس سے مخاطب تھے۔ اس فیصلے کے مطابق اورنگ آباد کٹک بورڈ کو چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن میں ضم کیا جائے گا۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے اس موقعے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ کٹک بورڈز کی ترقی کیلئے ضلع منصوبہ بندی سے فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔ انھوں نے متعلقہ میونسپل کارپوریشنوں اور مقامی خودمختار اداروں کو اس سلسلے میں تجاویز پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے گنیش اُتسو کو ریاستی تہوار قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ثقافتی امور کے وزیر آشیش شیلار نے کل قانون ساز اسمبلی میں اس کی جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ اس فیصلے کے ذریعے مہاراشٹر سمیت ملک کی تہذیب کو دنیا بھر میں پہنچانے کا عزم ریاستی حکومت نے کیا ہے۔

شیلار نے گنیش منڈلوں سے ماحول دوست گنیش اُتسو منانے کی درخواست کرتے ہوئے، اپنی جھانکیوں میں مختلف شعبوں میں بھارتی افواج اور ریاست کی کامیابیوں اور خصوصیات کو اجاگر کرنے کی ترغیب بھی دی اور یقین دلایا کہ گنیش منڈلوں کیلئے کسی قسم کی کوئی کمی نہیں ہونے دی جائے گی۔

***** ***** *****

پنڈھر پور کی آشاڑھی واری کل اختتام پذیر ہوگئی۔کل صبح گوپال پور میں منعقدہ گوپال کال کے بعد سبھی پالکیاں وٹھل رکمنی کے درشن کر کے واپسی کے سفر پر گامزن ہوگئیں۔مندر کمیٹی کی جانب سے پالکیوں کی مختلف اشیا کی پوجا کی گئی اور ذمہ داران کا ہار اور ناریل پیش کر کے خیر مقدم کیا گیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے صدر کوتک راؤ ٹھالے پاٹل نے کل پریشد کے مختلف ایوارڈز کا اعلان کیا۔چھترپتی سمبھاجی نگر کی وندنا پارگاؤنکر کے سفر نامے ''انوکھے تھائی لینڈ'' تصنیف کو اس سال کے نرہر کُرُندکر ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا' جبکہ پرنسپل ایم چٹنیس ایوارڈ میرج کے کُسناڑے کی نظریاتی تصنیف '' گاندھی۔وادآنی واستو'' کو، بی رگھوناتھ کہانی' ناول ایوارڈ رادھانگری کے پانڈورنگ مراری پاٹل کے ناول '' نانگرموٹھی'' اور آر جے دیشمکھ یادگاری ایوارڈ کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر کے کیلاش پبلشر کے انیل اتکرے کا انتخاب کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

کل گروپورنیما کا تہوار ہر طرف روایتی انداز میں منایا گیا۔اس مناسبت سے شرڈی میں مذہبی کتاب کے اجتماعی مطالعے اہتمام کیا گیا۔اس تقریب میں بڑی تعداد میں شرڈی کے ساکنان اور سائی کے عقیدت مندوں نے شرکت کی۔

گروپورنیما کے موقعے پر،کل چھترپتی سمبھاجی نگر کے سرسوتی بھون کالج میں مختلف شعبہ جاتی کثیر لسانی قومی مذاکرہ، گرووندنا 2025 منعقد ہوا۔ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر وجے پھلاری کی صدارت میں منعقدہ اس مذاکرے کا افتتاح پونے کی ساوتری بائی پھلے یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر سریش گوساوی نے کیا۔یشونت راؤ چوان اوپن یونیورسٹی کے کارگذار وائس چانسلر ڈاکٹر جوگیندر سنگھ بسین نے اس مذاکرے کا کلیدی خطبہ پیش کیا۔دریں اثنا' بھارتیہ جنتا پارٹی کی جانب سے بھی کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں تین سو سے زیادہ مقامات پر گروپورنیما منائی گئی۔

***** ***** *****

بھارت اور انگلینڈ کے مابین جاری اینڈرسن۔ٹنڈولکر ٹیسٹ سیریز کے تیسرے میچ میں انگلینڈ آج اپنی پہلی اننگ چار وکٹوں کے نقصان پر 251 رنز سے آگے شروع کرے گا۔کل انگلینڈ کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ لیا۔بھارت کی جانب سے نتیش کمار ریڈی نے دو جبکہ رویندر جڈیجہ اور جسپریت بمراہ نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

***** ***** *****

وسطی مہاراشٹر کے پہاڑی علاقوں سمیت مراٹھواڑہ کے جالنہ، پربھنی اور چھترپتی سمبھاجی نگر اضلاع میں آج بجلیوں کی گرج اور چمک کے ساتھ زوردار بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے بعض مقامات پر 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

دریں اثنا، چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے جائیکواڑی آبی پشتے میں پانی کی سطح 70 اعشاریہ نو چھ فیصد تک پہنچ گئی ہے اور جائیکواڑی میں 24 ہزار 257 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کی آمد ہو رہی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مہاراشٹر خصوصی عوامی تحفظ بل ریاستی اسمبلی میں منظور۔ ملکی نظام مخالف سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قوانین کی ضرورت کا وزیرِ اعلیٰ نے کیا اظہار۔

☆ کسانوں کے قرض معافی کے مطالعہ کیلئے ریاستی حکومت نے کی خصوصی کمیٹی تشکیل۔

☆ گنیش اُتسو کو ریاستی تہوار قرار دینے کا ثقافتی اُمور کے وزیر آشیش شیلار کا عندیہ۔

☆ مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے مختلف ادبی ایوارڈز کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ لارڈز ٹیسٹ کے پہلے دن انگلینڈ نے بنائے چار وکٹوں پر 251 رن۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****